In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 5


## (By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# گنتی


# Numbers



یہودی اور مسیحی روایت کے مطابق، گنتی موسیٰ کی چوتھی کتاب ہے، جو اسرائیل کے بیابانی سفر کی تاریخ سے متعلق واقعات کو بیان کرتی ہے۔ یہ کتاب ایک تاریخی مدت کو قلم بند کرتی ہے جو خروج کے بعد دوسرے سے چالیس سال تک پھیلی ہوئی ہے۔ جغرافیائی طور پر یہ کتاب اِسرائیل کے سینا کے بیابان میں قیام سے شروع ہوتی ہے، سینا سے موآب کے میدانوں تک کے سفر کے بارے میں بتاتی ہے اور پھر موآب میں ہونے والے واقعات کو بیان کرتی ہے۔ اِس کتاب کا نام ہفتادی ترجمہ سے لیا گیا ہے۔ کتاب میں موجود مردم شماری کی وجہ سے اِسے یہ نام دیا گیا۔ عبرانی متن میں اِس کتاب کا نام "بیابان میں" ہے۔ یہ کتاب اسرائیل کی ایک نسل، "خروج کی نسل" سے شروع ہوتی ہے، اور اگلی "فتح کی نسل" کے ساتھ ختم ہوتی ہے۔


# مصنف

# Author



اِس کتاب کا مصنف موسیٰ ہے۔آزاد خیال حلقوں میں اِسے بہت
زیادہ شک و شبے کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے لیکن زیادہ تر علما اِس بات پر
متفق ہیں کہ اِس کتاب کو موسیٰ نے لکھا۔

# سنِ تصنیف
# Date of Writing




یہ کتاب 1440 قبل از مسیح سے 1400 قبل از مسیح میں لکھی گئی۔

# پسِ منظر
# Background

گنتی کی کتاب 38 سالوں اور 9 ماہ کی تاریخ پر محیط ہے۔اِبتدائی عبرانی تاریخ میں اِس مدت کو ”بیابانی آوار گی“ کہتے ہیں۔

## Timetable after the Exodus

| | | |
|---|---|---|
| Exodus from Egypt | 15th day of first month | Exod. 12:2, 5; Num. 33:3 |
| Arrival at Mount Sinai | 1st day of 3rd month | Exod. 19:1 |
| Yahweh reveals himself at Sinai | 3rd day of 3rd month | Exod. 19:16 |
| Completion of tabernacle | 1st day of 1st month of 2nd year | Exod. 40:1, 16 |
| Command to number Israel | 1st day of 2nd month of 2nd year | Num. 1:1 |
| Departure from Sinai | 20th day of 2nd month of 2nd year | Num. 10:11 |
| Arrival at Kadesh | 1st month of 40th year? | Num. 20:1 |
| Death of Miriam | 1st month of 40th year? | Num. 20:1 |
| Death of Aaron and thirty days of mourning | 1st day of 5th month of 40th year | Num. 20:29 |
| Departure for Moab | 1st day of 6th month of 40th year? | Num. 20:22; 21:4 |
| Moses addresses Israel in Moab | 1st day of 11th month of 40th year | Deut. 1:2 – 3 |
| Death of Moses and thirty days of mourning | ? | Deut. 34:8 |
| Joshua and Israel enter Canaan | 10th day of 1st month of 41st year | Josh. 1:19 |

# وجہ تحریر اور پیغام
# Purpose and Message

اِس کتاب کے پیغام میں دو چیزیں اہم ہیں:

اسرائیل کے مستقل بدمزاج اور بغاوت کے مقابلہ میں خدا کا صبر اور وفاداری۔

اسرائیل کے خدا کی فطرت اور کردار کا انکشاف۔

خروج کی کتاب کی طرح اِس کتاب میں بھی خُدا کی پاکیزگی پر زور دیا گیا ہے لیکن اِس کے ساتھ خُدا کی ذات کے اور پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ بیابانی تجربے نے اِسرائیل کو یہوواہ خُدا کے بارے میں یہ سکھایا کہ اُس کی ذات میں صبر ہے، وہ مہیا کرنے والا ہے، شفاعتی دعاؤں کا جواب دینے والا ہے، انصاف کرنے والا خُدا ہے، جیلس خُدا ہے (غیر معبودوں کے حوالے سے)۔

گنتی کی کتاب خاص تاریخی مقصد کو پیش کرتی ہے جو کہ مصر سے نکلنے کے بعد اِبتدائی عبرانی تجربات کو بیان کرتی ہے۔
اِس کتاب کا الہیاتی مقصد خُدا کے ابتدائی عملی کاموں کو قلم بند کرنا ہے جو اُس نے اِسرائیل سے عہد کے بعد کیئے۔

# گنتی کی کتاب کا خاکہ:
# Outline:

3 اہم حصے

- سینا سے روانگی کی تیاری(باب نمبر1-10/10)
- سینا سے قادِس تک(10/11-20/21)
- قادِس سے موآب کے میدانوں تک(20/22-36/13)

# اہم مضامین:
# Themes:

(a) مردم شماری۔

لوگوں کی گنتی کرنا قدیم قریب مشرق میں ایک عام انتظامی طریقہ کار تھا۔ مردم شماری کے تین اہم کام ہوتے تھے:

(i) جنگ کے لئے افرادی قوت کو معلوم کرنا اور اُنہیں بھرتی کرنا۔ گنتی(1/3)


(ii) اہم کاموں خصوصاً مذہبی کاموں کی ذمہ داریاں بانٹنے کے لئے تعداد کا علم ہونا۔

(iii) ٹیکس لگانے کی بنیاد قائم کرنا۔

# اہم مضامین:
# Themes:

(a) مردم شماری۔

Arrangement of the Twelve Tribes around the Tabernacle



# اہم مضامین:
# Themes:

(a) مردم شماری۔

## Census Figures in Numbers 1 and 26

| *Tribe* | *Reference* | *Figures* | *Reference* | *Figures* |
|---|---|---|---|---|
| Reuben | 1:20 – 21 | 46,500 | 26:5 – 11 | 43,730 |
| Simeon | 1:22 – 23 | 59,300 | 26:12 – 14 | 22,200 |
| Gad | 1:24 – 25 | 45,650 | 26:15 – 18 | 40,500 |
| Judah | 1:26 – 27 | 74,600 | 26:19 – 22 | 76,500 |
| Issachar | 1:28 – 29 | 54,400 | 26:23 – 25 | 64,300 |
| Zebulun | 1:30 – 31 | 57,400 | 26:26 – 27 | 60,500 |
| Ephraim | 1:32 – 33 | 40,500 | 26:35 – 37 | 32,500 |
| Manasseh | 1:34 – 35 | 32,200 | 26:28 – 34 | 52,700 |
| Benjamin | 1:36 – 37 | 35,400 | 26:38 – 41 | 45,600 |
| Dan | 1:38 – 39 | 62,700 | 26:42 – 43 | 64,400 |
| Asher | 1:40 – 41 | 41,500 | 26:44 – 47 | 53,400 |
| Naphtali | 1:42 – 43 | 53,400 | 26:48 – 50 | 45,400 |
| Totals | | 603,550 | | 601,730 |
| Greatest decrease: Simeon (37,100) | | | | |

Adapted from William Sanford LaSor, David A. Hubbard, and Frederick W. Bush, *Old Testament Survey* (Grand Rapids: Eerdmans, 1982), 167. Used by permission.

# اہم مضامین:
# Themes:

(b) یہوواہ کی طرف سے آزمائش۔

سب حکموں پر جو آج کے دن میں تجھ کو دیتا ہوں تم احتیاط کر کے عمل کرنا تاکہ تُم جیتے اور بڑھتے رہو اور جس ملک کی باب نسبت خداوند نے تمہارے باپ دادا سے قسم کھائی ہے تم اُس میں جا کر اُس پر قبضہ کرو۔ اور تو اُس سارے طریق کو یاد رکھنا جس پر اِن چالیس برسوں میں خداوند تیرے خدا نے تجھ کو اِس بیابان میں چلایا تاکہ وہ تجھ کو عاجز کر کے آزمائے اور تیر دل کی بات دریافت کرے کہ تُو اُسکے حکموں کو مانے گا یا نہیں۔ استثنا(8/1-2)۔

# اہم مضامین:
# Themes:

---

(c) خُداکامکاشفہ انسانی ثقافت میں۔

خُدااپنی ذات کوانسانی معاشرتی روایات کے ذریعے سے بھی ظاہر کرتا ہے۔دو باتیں قابلِ غور ہیں:

(i) خُداانسانی ثقافت سے باہر کی بجائے اس کے ذریعے کام کر کے انسانی ثقافت کے لئے اپنے احترام اور تعریف کامظاہرہ کرتا ہے۔

(ii) خُداکے عہد کی فرمابرداری اور پاکیزگی کے لئے بعض اُوقات ثقافت سے مبراہو کر اقدام اُٹھانے پڑتے ہیں۔

# اہم مضامین:
# Themes:

(d) بلعام نبی سے متعلق واقعات۔

یہ واقعات ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ خُدا وعدوں کو پورا کرنے والا خُدا ہے اور اپنے لوگوں کی حفاظت کرتا ہے۔

# یسوع مسیح گنتی کی کتاب میں کیسے نظر آتا ہے؟

(a) لال بچھیا۔

(b) پیتل کا سانپ۔

(c) بلعام کی آخری پیشنگوئی۔

(d) پناہ کے شہر۔

# Any Questions?